# وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس و ٹیکنالوجی

## داخلہ فارم برائے "ایل ایل بی" چار سالہ پروگرام
## شعبہ قانون (صبح) گلشن اقبال کیمپس، کراچی، 2026

### ہدایات برائے داخلہ فارم "ایل ایل بی" چار سالہ پروگرام

**تعلیمی اہلیت:**

۱۔ انٹرمیڈیٹ، ایف اے ایف ایس سی، اے لیول یا مساوی کم از کم 50% کے ساتھ۔

۲۔ ایل ایل بی (4 سالہ) صبح کے پروگرام میں داخلہ لاء ایڈمیشن ٹیسٹ (LAT) میں کامیابی سے مشروط ہوگا۔ LAT ٹیسٹ ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) آف پاکستان کی جانب سے منعقد کیا جاتا ہے۔

**طریقہ کار و رہنمائی و ہدایات:**

۱۔ شعبہ قانون میں داخلے کے خواہشمند امیدوار جامعہ کی ویب سائٹ www.fuuast.edu.pk پر موجود تعارف نامہ (Prospectus) کا مطالعہ کر کے آن لائن داخلہ فارم پر کریں۔

۲۔ آن لائن داخلہ فارم پُر کرنے کے بعد پروسیسنگ فیس کا واؤچر -/3000 روپے ڈاؤن لوڈ کر کے، واؤچر پر درج بینک میں جمع کرایا جا سکے گا۔ اُن امیدواروں کو داخلہ کے عمل میں شامل کیا جائے گا جن کی پروسیسنگ فیس جمع ہوگی۔

۳۔ شعبہ قانون میں اُمیدوار کا انتخاب جامعہ کی جانب سے منظور شدہ داخلہ پالیسی کی بنیاد پر پاکستان بار کونسل کے قواعد پر عملدرآمد اور ہائیر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان کی رہنما ہدایات کے تحت عمل میں لایا جائے گا۔

۴۔ داخلہ کی اہلیت: Law Admission Test میں کم سے کم 50% مارکس، انٹرمیڈیٹ 30% مارکس اور میٹرک 20% مارکس پر مشتمل ایگریگیٹ کی بنیاد پر میرٹ لسٹ مرتب کی جائیگی۔

۵۔ کسی بھی سرکاری ادارے میں کام کرنے والے اُمیدواروں کیلئے اپنے اداروں سے حاصل شدہ اجازت نامہ (NOC) جمع کروانا لازمی ہوگا۔

۶۔ پاکستان کے سرکاری بورڈ کے علاوہ دیگر بورڈ کی بنیاد پر داخلے کے خواہشمند اُمیدواروں کو انٹر بورڈ چیئر مین کمیٹی (IBCC) کی جانب سے جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹس جمع کرانا لازمی ہوگا۔

۷۔ شعبہ قانون میں داخلے کے خواہشمند، لاء ایڈمیشن ٹیسٹ (LAT) کے پاسنگ نتائج کا سرٹیفکیٹ بھی داخلہ فارم کے ساتھ جمع کرائیں۔

۸۔ وفاقی اردو یونیورسٹی کی ویب سائٹ/نوٹس بورڈ پر میرٹ لسٹ میں نام آویزاں ہونے کے بعد منتخب امیدوار کو طلب کردہ درج ذیل دستاویزات شعبہ قانون "گلشن اقبال کیمپس" میں جمع کرانا ہوگا۔

دستاویزات:

آن لائن جمع شدہ داخلہ فارم بمعہ اصل جمع شدہ پروسیسنگ فیس کا واؤچر، 2 عدد نقول بشمول تمام ٹرانسکرپٹ و سرٹیفکیٹس، 2 عدد شناختی کارڈ کی نقول، 4 عدد پاسپورٹ سائز تصاویر (وائٹ بیک گراؤنڈ)، LAT سرٹیفکیٹ کی کاپی اور تعارف نامہ میں موجود حلف نامہ (اسٹامپ پیپر)۔

9۔ فارم اور دستاویزات کو سلیقے سے فائل کور میں لگایا جائے تاکہ کاغذات ضائع ہونے کا احتمال نہ رہے۔ نامکمل داخلہ فارم یا مطلوبہ دستاویزات منسلک نہ کرنے پر فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔

۱۰۔ مطلوبہ دستاویزات کے علاوہ منسلک کی گئی دستاویزات کو غیر ضروری قرار دیکر خارج کر دیا جائے گا۔

۱۱۔ داخلہ فارم میں غلط کوائف درج کرنے یا جعلی دستاویزات منسلک کرنے پر فارم منسوخ کیا جا سکتا ہے اور داخلہ ہو جانے کی صورت میں داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا۔

۱۲۔ داخلہ کے خواہشمند اُمیدواران اپنا فارم اور تمام کاروائی بذات خود مکمل کریں، کسی بھی غیر متعلقہ فرد کو اپنے کاغذات یا رقم ہرگز نہ دیں۔

۱۳۔ ذہین اور مستحق طلباء کے لیے اردو یونیورسٹی میں اسکالرشپ فراہم کی جاتی ہے۔

۱۴۔ داخلے کے لیے حالیہ پاس آؤٹ طلبہ کو ترجیح دی جائے گی تاہم وہ طالبعلم جو اس سے قبل امتحان پاس کر چکے ہیں وہ بھی داخلے کے لیے فارم جمع کروا سکتے ہیں۔

نوٹ: شعبہ قانون میں وکلاء کے بچوں کے لیے 5% کوٹہ مختص کیا گیا ہے۔